صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 31 مارچ 2008ء بمطابق 22 ربیع الاول 1429 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم

إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَـٰنَـٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرً۬ا O يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِى ٱلۡأَمۡرِ مِنكُمۡۖ فَإِن تَنَـٰزَعۡتُمۡ فِى شَىۡءٍ۬ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمۡ تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأَخِرِۚ ذَٲلِكَ خَيۡرٌ۬ وَأَحۡسَنُ تَأۡوِيلاً۔

(ترجمہ): خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بے شک خدا سنتا اور دیکھتا ہے۔ مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے۔

حلف وفاداری رکنیت

<u>جناب سپیکر</u>: I welcome Anwar Saifullah Khan , Member Elect and request to stand in front of his seat to take oath. انور خان صاحب! کونسے Language میں، انگریزی میں یا اردو میں پڑھوں؟

<u>جناب انور سیف اللہ خان</u>: اردو میں جناب۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: Now I request the Honourable Member to sign in the roll of members, placed on the table of Secretary Provincial Assembly in the House.

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت فرمائے)

<u>جناب سپیکر</u>: جی پیر صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر! میں گزارش کرتا ہوں کہ اس ہاؤس کو یہ اعزاز حاصل ہے اور ارباب صاحب کو بھی یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے پورے ہاؤس سے Oath لیا ہے تو میرے خیال میں ان کے لئے بھی کسی دن کا تعین ہونا چاہیے تھا کہ وہ بھی Oath لے لیں کیونکہ بغیر Oath لئے وہ، ان کے وہ Rights نہیں ہونگے شاید ووٹ دینے کے اور دوسرے، یا اگر Oath ہو چکا ہے اور ہمارے نوٹس میں نہ ہو تو اس کی بھی اگر وضاحت ہو جائے تو بہتر ہوگا۔

جناب سپیکر کی طرف سے اعلان

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو پیر صاحب۔ ان کا Oath ہو چکا ہے۔ ابھی میں، معزز اسمبلی کے ممبران کی اکثریت کا اعتماد رکھنے والے رکن یعنی قائد ایوان کا تعین مورخہ یکم اپریل 2008ء صبح نو بجکر تیس منٹ پر ہوگا جس کیلئے کاغذات نامزدگی آج مورخہ 31 مارچ 2008ء ایک بجے بعد از دوپہر تک سیکرٹری صوبائی اسمبلی کے پاس داخل کئے جا سکتے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج بروز پیر 31 مارچ 2008ء ڈیڑھ بجے بعد از دوپہر سپیکر کے چیمبر میں ہوگی۔ امیدوار کاغذات نامزدگی Ascertainment سے قبل کسی وقت بھی واپس لے سکتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ میں اجلاس ملتوی کروں، آپ سب معزز ممبران صاحبان کو ایک

ضروری اور بات کہنا چاہتا ہوں کہ اسمبلی کے لائبریری میں ایک بہت ضروری پراجیکٹ، پاکستان لیجسلیٹیو پراجیکٹ کی طرف سے ایک Orientation session منعقد کیا گیا ہے۔ جس میں آپ کی شرکت اور خصوصاً نئے ممبران صاحبان کی شرکت انتہائی ضروری سمجھی جاتی ہے۔ لہذا آپ سب ممبران سے گزارش ہے کہ آپ سیشن ملتوی ہونے کے بعد ادھر تشریف لے آئیں اور چونکہ آج صرف اسی مقصد کیلئے یہ سیشن بلایا گیا ہے، وہ آپ تک پہنچایا گیا ہے تو اب میں اجلاس کو کل صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔Thank you۔

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ یکم اپریل 2008 کی صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

ضمیمہ

حلف نامہ

بسم اللہ الرحمان الرحیم

میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صدق دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہوں گا۔

کہ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ میں اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت استحکام، بہبودی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا۔

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو قیام پاکستان کی بنیاد ہے اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا۔

اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائے(امین)۔